**فوری ریلیز کے لیے:** 28/9/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے مونرو کاؤنٹی میں 6.8$ ملین کے امدادی رہائشی منصوبے کی تکمیل کا اعلان کیا***

***اوپن ڈور مشن کی ملر بلڈنگ راچسٹر میں مستقل معاونتی رہائش کے 24 یونٹ فراہم کرتی ہے***

***یہ منصوبہ 18 سے 25 سال کی عمر کے سابقہ بے گھر افراد کے ساتھ ساتھ دماغی بیماری یا نشے کی لت میں مبتلا افراد کی مدد کرے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج راچسٹر میں ملر بلڈنگ کے اوپن ڈور مشن کے 6.8$ ملین کے ترقیاتی کام کی تکمیل کا اعلان کیا ہے جس میں سابقہ بے گھر افراد کے لیے مستقل معاونتی رہائش کے 24 یونٹ شامل ہیں۔ زیادہ تر دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے بے گھر رہائش اور امداد کے منصوبے کی طرف سے فنڈ کیے گئے ان اپارٹمنٹس میں ذہنی بیماری میں مبتلا افراد، نشے کی لت کے مسائل سے دوچار افراد اور 18 سے 25 سال کی عمر کے نوجوانوں کی رہائش ہو گی۔

"یہ نئے اپارٹمنٹس نہ صرف رہنے کے لیے ایک محفوظ اور حسب استطاعت جگہ فراہم کریں گے، بلکہ ترقی کے لیے درکار معاونتی خدمات بھی فراہم کریں گے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "راچسٹر میں ملر بلڈنگ کی طرح کی معاونتی رہائش گاہیں میری انتظامیہ کے جامع کمیونٹیز کی تعمیر کے عزم کا ایک اہم جزو ہیں جو اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتی ہے کہ تمام نیو یارک کے شہریوں کو گھر کہنے کے لئے ایک محفوظ، حسب استطاعت جگہ دستیاب ہو اور ہم ریاست بھر میں بے گھری سے نمٹنے کے لیے اپنی کوششوں کے لازمی حصے کے طور پر معاونتی رہائش میں سرمایہ کاری جاری رکھیں گے۔"

یہ منصوبہ گورنر Hochul کے رہائش کو مزید قابل استطاعت، مساوی اور مستحکم بنانے کے ریاست گیر منصوبے کی تکمیل کرتا ہے۔ مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ میں گورنر نے کامیابی کے ساتھ 25$ ارب کا نیا پانچ سالہ جامع رہائشی منصوبہ حاصل کیا جس سے نیو یارک بھر میں 100,000 حسب استطاعت گھر بنا کر یا محفوظ کرکے رہائش کی سپلائی میں اضافہ ہوگا جس میں کمزور آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات کے ساتھ ساتھ 10,000 اور اضافی 50,000 گھروں میں بجلی لگوانا بھی شامل ہے۔

اوپن ڈور مشن نے 13 اسٹوڈیو اور 11 ایک بیڈ روم والے اپارٹمنٹس کو شامل کرنے کے لیے ویسٹ مین اسٹریٹ پر سابقہ خالی ملر بلڈنگ کی مکمل تزئین و آرائش کی ہے۔ مزید برآں، موقع پر دستیاب معاونتی خدمات فراہم کی جائیں گی جن میں کیس مینجمنٹ، ملازمت کے لیے تیار ہونے کی تربیت، مالیاتی امور کی انتظام کاری، ہنر کی تربیت اور ملازمت کی تلاش میں مدد شامل ہیں۔

منصوبے کے لیے فنڈنگ میں بے گھروں کے لیے رہائش اور امدادی پروگرام سے 6.5$ ملین سے زیادہ کی رقم شامل ہے، جبکہ باقی تعمیراتی اخراجات اوپن ڈور مشن نے برداشت کیے۔ آپریٹنگ فنڈنگ ایمپائر اسٹیٹ کے معاونتی رہائش کے اقدام کے ذریعے ریاستی نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کے ذریعے فراہم کی جا رہی ہے۔

اوپن ڈور مشن راچسٹر کمیونٹی کی خدمت کرتے ہوئے اپنا 70 واں سال منا رہا ہے۔ یہ تنظیم مونرو کاؤنٹی میں ہنگامی یا عبوری پناہ گاہ پیش کرنے والی تین دیگر سہولیات چلاتی ہے۔

**دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "محفوظ، مستقل، حسب استطاعت اپارٹمنٹس اور موقع پر موجود معاونتی خدمات کا امتزاج ان نوجوان بالغوں کے ساتھ ساتھ ذہنی بیماری یا نشے کی لت کے مسائل میں مبتلا رہائشیوں کی بہت مدد کرے گا۔ یہ حیرت انگیز نئے اپارٹمنٹس ایک سابقہ خالی عمارت کو نئی زندگی دے رہے ہیں، جس سے نہ صرف اس میں رہنے والوں کو، بلکہ پوری کمیونٹی کو فائدہ ہو گا۔"

**نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا،** "مستقل اور معاونتی رہائش تک رسائی نشے کی لت کے مسائل سے دوچار بہت سے افراد اور خاندانوں کے لیے بہت اہم ہے۔ رہائش کا یہ اقدام مونرو کاؤنٹی میں سب سے زیادہ کمزور آبادیوں کی خدمت کرے گا اور یہ OASAS کی دیکھ بھال کے تسلسل کا ایک اہم حصہ ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney نے کہا،** "دماغی صحت، منشیات کے استعمال اور بے گھر ہونے کا سامنا کرنے والے نوجوان بالغوں کے پیچیدہ مسائل کو حل کرتے ہوئے، یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اوپن ڈور مشن ہماری کمیونٹی کی متنوع ضروریات کو جامع طور پر پورا کرتا رہے جیسا کہ وہ گزشتہ سات دہائیوں سے کر رہے ہیں۔ میں گورنر Hochul کا، OTDA کا اور نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کے تعاون کا شکر گزار ہوں تاکہ ہمارے علاقے میں قابل رسائی، حسب استطاعت، ماحولیات کا خیال رکھنے والی رہائش کو فروغ دیا جا سکے۔"

**رکن اسمبلی Demond Meeks نے کہا،** "ہماری کمیونٹی کے بہت سے ارکان کو محفوظ اور مستحکم گھر تک رسائی حاصل نہیں۔ قابل یقین رہائش کے بغیر، مشکلات کا شکار کمیونٹی کے ارکان اور خاندان غربت کے چکر سے بچنے کے ساتھ ساتھ پھلنے پھولنے کی صلاحیت سے بھی محروم ہو جاتے ہیں۔ میں گورنر Hochul، دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت؛ اور اوپن ڈور مشن کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہماری انتہائی کمزور آبادیوں کو حسب استطاعت، مساوی اور مستحکم رہائش فراہم کرنے میں اپنے عزم کا مظاہرہ کیا۔ مجھے امید ہے کہ یہ سرمایہ کاری ہماری بے گھر بہنوں اور بھائیوں کے لیے مستحکم رہائش اور موثر وسائل فراہم کرنے کے لیے بڑھتے ہوئے عزم کے آغاز کی نمائندگی کرتی ہے۔"

**مونرو کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Adam Bello نے کہا،** "رہائش عوامی صحت اور حفاظت کی بنیاد ہے۔ یہ نیا رہائشی منصوبہ سابقہ بے گھر افراد کے ساتھ اپنے رابطے میں تبدیلی کا باعث بنے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ان کے پاس مستحکم اور صحت مند زندگی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری مدد اور وسائل موجود ہیں۔ ہمارے رہائشیوں اور ہماری کمیونٹی میں اس اہم سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul اور اوپن ڈور مشن کا شکریہ۔"

**راچسٹر کے مئیر Malik Evans نے کہا،** "مین اسٹریٹ پر ملر بلڈنگ کے معاونتی رہائش کے ترقیاتی کام کی تکمیل کے لیے اوپن ڈور مشن کو مبارکباد، جو لوگوں کو دائمی بے گھری سے مستقل رہائش کی طرف کامیاب منتقلی میں مدد کرے گا۔ میں گورنر Kathy Hochul اور ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت اور نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کا اس منصوبے کی حمایت کرنے اور راچسٹر میں یہ سرمایہ کاری کرنے کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے رہائشیوں کو محفوظ، معیاری اور حسب استطاعت رہائش فراہم کرنا ایک پُرجوش مستقبل کے ساتھ امید سے بھرا شہر بنانے کی ہماری کوششوں کو آگے بڑھائے گا۔"

**اوپن ڈور مشن کی CEO Anna Valeria-Iseman نے کہا،** "اس منصوبے کی تکمیل اوپن ڈور مشن میں ایک دلچسپ باب کی نشاندہی کرتی ہے اور یہ ایک نازک وقت پر آیا ہے کیونکہ حسب استطاعت رہائش کی ضرورت اس وقت ہمیشہ سے زیادہ ہے۔ ان رہائشی یونٹس کا افتتاح ان لوگوں کی بحالی، مالی آزادی اور دیرپا بحالی کا ایک مضبوط راستہ قائم کرے گا جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے [www.governor.ny.gov](http://www.governor.ny.gov)
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | [press.office@exec.ny.gov](mailto:press.office@exec.ny.gov) | 518.474.8418